Maulana Azad National Urdu University

M.A. : Urdu, II Semester Examination - May - 2019

Paper - MAUR203CCT : Urdu Novel

پرچہ:اردوناول

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:ہدایات:

یہ پرچہٗ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینالازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200)لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباًپانچ سو(500)لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

(i) یورپ کا سب سے پہلا مکمل ناول کسے مانا گیا ہے؟

(a) پرگرن پکل (b) رابنسن کروسو (c) پمیلا (d) امیلیا

(ii) ذیل میں سے کس ناول نگار نے اپنے ناولوں کے عنوانات شعر سے اخذ کیے ہیں؟

(a) ڈپٹی نذیر احمد (b) عبدالحلیم شرر (c) قرۃالعین حیدر (d) عصمت چغتائی

(iii) توبتہ النصوح ناول کس سن میں لکھا گیا؟

(a) 1874 (b) 1875 (c) 1876 (d) 1877

(iv) فردوس بریں ناول کا مرکزی کردار کون ہے؟

(a) حسین (b) شیخ علی وجودی (c) زمرد (d) رکن الدین خورشاہ

(v) فردوس بریں ناول میں کل کتنے خطوط استعمال ہوئے ہیں؟

(a) چار (b) پانچ (c) چھ (d) سات

(vi) درج ذیل شعر کس ناول کے اختتام پر استعمال ہوا ہے؟

مرنے کے دن قریب ہیں شاید کہ اے حیات
تجھ سے طبیعت اپنی بہت سیر ہوگئی

(a) امراء جان ادا (b) آ گ کا دریا (c) توبۃ النصوح (d) ٹیڑھی لکیر

(vii) ذیل میں سے شمن کی شادی کس سے ہوئی ؟

(a) رشید (b) روفی ٹیلر (c) افتخار (d) رائے صاحب

(viii) ذیل میں سے کون سا کردار گئودان ناول کا نہیں ہے؟

(a) روپا (b) سونا (c) مدھومالتی (d) رام دئی

(ix) آ گ کا دریا کل کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

(a) 101 (b) 102 (c) 103 (d) 104

(x) ذیل کے کس ناول میں خواب کی تکنیک سب سے پہلے استعمال ہوئی ؟

(a) آ گ کا دریا (b) توبۃ النصوح (c) فردوس بریں (d) گئودان

حصہ دوم

2۔ مغرب میں ناول کی روایت پر ایک جامع نوٹ لکھیے ۔

3۔ توبۃ النصوح ایک اصلاحی ناول ہے۔حوالوں سے ثابت کیجیے۔

4۔ فردوس بریں کے اسلوب نگارش پر جامع روشنی ڈالیے۔

5۔ ناول کے اجزائے ترکیبی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6۔ ’ہوری کا کردار حقیقت پسندی اور مثالیت پسندی کے تصادم کا نمونہ ہے‘ واضح کیجیے۔

7۔ ٹیڑھی لکیر کی کردار شمن کے شمن بننے میں اس کا اور معاشرے کا کتنا رول ہے؟ حوالوں سے واضح کیجیے۔

8 ۔ کردار امراؤ جان ادا سے ہمیں کیوں ہمدردی ہوتی ہے؟ حوالوں سے ثابت کیجیے۔

9۔ ناول آگ کا دریا میں شعور کی رو کی تکنیک استعمال ہوئی ہے۔اس ناول کے حوالے سے اس تکنیک کے چار پہلوؤں کو واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اردو میں ناول نگاری کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے ۔

11۔ موضوعاتی اور فنی اعتبار سے اردو ناول کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

12۔ ناول امراؤ جان ادا میں تدبیر اور تقدیر کی بحث کے سیاق میں اس ناول کے عنوان اور نقطہ نظر کے درمیان رشتے پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

13۔ ناول آگ کا دریا فلسفہ تسلسل اور تبدل کی بہترین مثال ہے۔مثالوں سے واضح کیجیے۔

14۔ گئودان پریم چند کا ایک شاہکار ناول ہے۔فنِ ناول نگاری کے معیار پر ثابت کیجیے۔

☆ ☆ ☆